05/02/2025

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپشیخ انوار الحق سے خبریں سُنئے

جتیندر سنگھ

نیشنل ہیون رائٹس کمشن کے رکن پریانک کاننگو نے کل سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ کے ساتھ ملاقات کی ۔ انھوں نے جموں کشمیر میں ناساز گار حالات کی وجہ سے متاثرہ کنبوں خاص طور سے کشمیری پنڈت برادری کے لوگوں کے مسائل پر تبادلہ خیال کیا ۔

دلی ووٹنگ

70 ارکان پر مشتمل دلی اسمبلی کے لئے ووٹنگ کا عمل خوش اسلوبی سے جاری ہے ۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ، چیف جسٹس آف انڈیا جسٹس سنجیو کھنہ ، مرکزی وزراءڈاکٹر ایس جے شنکر اور ہر دیپ سنگھ پوری ، سینئر کانگریس لیڈر راہل گاندھی ، فوج کے سربراہ جنرل اوپندر دویدی ، دلی کے لیفٹنٹ گورنر ونے کمار سکسینہ ، دلی کی وزیر اعلیٰ آتشی پہلے ووٹ ڈالنے والی شخصیات میں شامل تھے۔

آج کی ووٹنگ کے دوران ایک کروڑ 56 لاکھ سے زیادہ ووٹر 699 امید واروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔

لیفٹنٹ گورنر

ڈوگری زبان کے ایک معروف ادیب چمن اروڑا کو ان کے افسانوی مجموعے " اِک ہور اَشوَ تھما" کے لئے بعد از مرگ ساہتیہ اکیڈمی ایوارڈ 2024 سے سرفراز کیا گیا ہے ۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آنجہانی کے افراد خانہ کو اس ایوارڈ کے لئے مبارک باد دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس اعزاز سے زیادہ سے زیادہ ادیبوں کو ڈوگری زبان کی ترویج اور ترقی کی طرف راغب کرنے میں مدد ملے گی ۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے 38 ویں قومی کھیل مقابلوں کے دوران بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے اور دوسونے ، ایک چاندی اور چار کانسی کے تمغے جیتنے پر جموں کشمیر ووشو ٹیم کو مبارک باد دی ہے ۔ یہ ٹیم کل جموں میں وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملاقی ہوئی ۔

ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے سنت نگر میں قائم ریہیبلیٹیشن اور کاونسلنگ سینٹر کو چالو کرنے سے متعلق امور کا جائزہ لیا۔ دریں اثناءایک اور میٹنگ کے دوران انہوں نے ضلع میں مختلف اقسام کے کوڑا کرکٹ کو سائنسی طریقے پر ٹھکانے لگانے کے منصوبے کی عمل آوری کا بھی جائزہ لیا ۔

بارہمولہ

بارہمولہ میں کل ڈپٹی کمشنر منگا شیر پا کی صدارت میں ضلع سطح کی کواپریٹیو ڈیولپمنٹ کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوئی جس میں امداد باہمی کے بین الاقوامی سال کی ایک حصے کے طور پر کئی اہم امور کو منظوری دی گئی۔

HADP

اُدھر شوپیان کے ضلع ترقیاتی کمشنر شِشر گپتا نے بھی ضلع میں عملائے جا رہے HADP کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوننے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ لوگوں میں اس اختراعی پروگرام کے بارے میں زیادہ سے زیادہ بیداری پیدا کریں۔

پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم نے ضلع میں ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت عملائی DC جا رہی متعدد اسکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام سے استفادہ کرنے کے لئے کسان سمپرک ابھیان نامی پلیٹ فارم پر رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے ۔

گاندربل

ضلع ترقیاتی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ایک میٹنگ کے دوران شری امر ناتھ جی یاترا 2025 کے سلسلے میں ترتیب دئے جا رہے جامع منصوبے کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ طبی نگہداشت ، ٹرانسپورٹ ، موبائل کنیکٹوٹی اور دیگر
پہلوو

ں کی طرف اپنی توجہ مرکوز کریں ۔ۓ

کپوارہ

ڈی سی کپوارہ آیوشی سودن جو ڈسٹرکٹ ڈزاسٹر منیجمنٹ اتھارٹی کی چیر پرسن بھی ہیں نے ضلعے میں جائدادوں کو ناگہانی آفات سے ہوئے نقصان کا جائزہ لیا ۔ اس موقعے پر اس طرح کے 26 معاملات کے حق میں ریلیف کو منظوری دی گئی ۔

تعزیت

آکاشوانی سرینگر کے انجینئرنگ شعبے کے سینئر ٹیکنیشن ارشاد احمد بٹ کل رات اچانک انتقال کر گئے ۔ آکاشوانی سرینگر کے سربراہ گُربندر سنگھ، شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر ، شعبہ خبر کے تمام اراکین ، انجینئرنگ عملے ،پروگرام عملے نیز انتظامی عملے نے ان کے انتقال پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی ظاہر کی ہے ۔ اس سلسلے میں آج آکاشوانی سرینگر کے صحن میں سٹیشن کے سربراہ گربندر سنگھ کی صدارت میں ایک تعزیتی میٹنگ منعقد ہوئی ۔ واضح رہے کہ مرحوم کی اجتماعی فاتحہ خوانی سات فروری جمعہ کو دو پہر اڈھائی بجے ہاوسنگ کالونی چھانہ پورہ میں انجام دی جائے گی ۔

کولگام

کولگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر اطہر عامر خان نے کل ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں عملائی جا رہی مرکزی معاونت والی اسکیموں اور پروگراموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ان اسکیموں اور پروگراموں کے اہداف کی سو فیصد حصولیابی کو یقینی بنائیں اور ہر ایک کنبے کو ان اسکیموں کے دائرے میں لائیں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

************